ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com | dailydharti@gmail.com

روزنامہ

کشمیر دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق | ایڈیٹر: اعجاز قمر

جلد 02 | پیر 13 فروری 2023ء 21 رجب المرجب 1444ھ 29 ماگھ 2079 ب | صفحات 04/ قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 350

آزاد کشمیر میں بلدیاتی انتخابات کا چوتھا مرحلہ مخصوص نشستوں پر منتخب نمائندے آج حلف اٹھائیں گے انتظامات مکمل

مخصوص نشستوں میں یوتھ، خواتین اور کسان کی نشستیں شامل ہیں، ضلع کونسلرز اور میونسپل کارپوریشن کے کونسلرز کا حلف متعلقہ اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز جبکہ دیگر کا حلف ڈویژنل مجسٹریٹ یعنی اسسٹنٹ کمشنر لیں گے

آخری راؤنڈ میں میئر، چیئرمین کا انتخاب عمل میں لایا جائے گا، جس کا شیڈول آئندہ ہفتے جاری کیا جائے گا، آزاد کشمیر بھر کے دس اضلاع میں کوئی تین ہزار کے قریب بلدیاتی نمائندے منتخب ہوئے ہوئے ہیں

مظفرآباد (دھرتی نیوز) آزاد کشمیر میں بلدیاتی انتخابات کے چوتھے مرحلے میں آج پونچھ کو آزاد کشمیر کے لیے تیاری مکمل کر لی گئی ہے۔ ان مخصوص نشستوں کا پولنگ، میونسپل کمیٹیز کی خصوصی نشستوں پر کامیاب کونسلرز کی تقریب حلف وفاداری آج پیر کو ہوگی جس جملہ اضلاع میں ضلع کونسلر، یونین کونسلر، میونسپل کمیٹی اور کنٹونمنٹ بورڈ کے چیئرمین اور وائس چیئرمین کے عہدوں کے لیے انتخاب ہوگا۔ انتخابات کے ڈپٹی کمشنرز کے ذریعے کیا جائے گا۔ الیکشن کمیشن کی طرف سے جاری شیڈول کے مطابق ضلع کونسلرز اور میونسپل کارپوریشن کے کونسلرز کا حلف متعلقہ اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کے بجائے دیگر کا حلف ڈویژنل مجسٹریٹ یعنی اسسٹنٹ کمشنرلیں گے۔ آزاد کشمیر میں یہ بلدیاتی انتخابات کرنشہ سال کے آخر میں ہوتے ہے جس کے بعد دوسرے مرحلے میں منتخب ممبران کا حلف لیا گیا تھا جبکہ تیسرے مرحلے میں مخصوص نشستوں پر انتخابات عمل میں لائے (یتیہ 59 صفحہ 03 پر)

ترکیہ اور شام میں زلزلے سے اموات 29 ہزار سے تجاوز کر گئیں

متاثرہ علاقوں میں زمین بوس ہونے والی عمارتوں کا ملبہ ہٹانے کا کام جاری

انقرہ، دمشق (صباح نیوز) ترکیہ اور شام میں زلزلے کے بعد اموات کی تعداد 29 ہزار سے تجاوز کر گئی۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق ترکیہ اور شام میں آنے والے خوفناک زلزلے کے بعد اب تک زمین بوس ہونے والی عمارتوں کا ملبہ ہٹانے کا کام جاری ہے۔ ترکیہ کے 10 شہروں میں شدید سرد موسم کی وجہ سے ریسکیو کارروائیوں میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ متاثرہ علاقوں (یتیہ 44 صفحہ 03 پر)

پاکستان اور امریکہ کے دفاعی مذاکرات کا دوسرا دور آج سے واشنگٹن میں شروع ہوگا

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان اور امریکہ کے دفاعی مذاکرات کا دوسرا دور 13 فروری سے واشنگٹن میں شروع ہوگا۔ اپنے (یتیہ 45 صفحہ 03 پر)

معاشرے میں خواتین کو برابری کے حقوق دینا ضروری ہیں، آصف علی زرداری

خواتین کو کم تر اور کمزور سمجھنے والی سوچ کو شکست دینا ہوگی، قوی دن کے حوالے سے بیان

اسلام آباد (صباح نیوز) سابق صدر آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان میں خواتین نے جمہوریت کی بحالی کیلئے بھرپور آواز بلند کی، مادر جمہوریت بیگم نصرت بھٹو اور محترمہ بینظیر بھٹو شہید کو کردار خواتین کے لیے مشعل راہ ہے، خواتین کے قومی دن کے حوالے سے (یتیہ 46 صفحہ 03 پر)

ترکیہ میں پاک آرمی کا ریسکیو آپریشن، ملبے تلے دبے 6 افراد کو زندہ بچالیا

80 افراد کی لاشیں ملبے سے نکال کر ورثاء کے حوالے کردیں، پاک آرمی کی وضاحت

انقرہ (صباح نیوز) بین الاقوامی میڈیا بھی ترکیہ میں پاکستان آرمی کی سرچ اینڈ ریسکیو ٹیم کو معترف ہے۔ پاکستان آرمی کی سرچ اور ریسکیو ٹیموں نے ترک عوام کے دل جیت لئے۔ پاکستان آرمی 120 گھنٹوں سے ترکیہ میں ریسکیو آپریشن میں مصروف عمل ہے۔ پاکستان آرمی کی ویلیں اب آخریوں نے 10 مقامات پر سرچ اور ریسکیو آپریشن کیا۔ پاکستان آرمی کی (یتیہ 43 صفحہ 03 پر)

مودی تیسری مرتبہ وزیراعظم بننے کی ہوس میں پاکستان کیخلاف کچھ بھی کرسکتا ہے امریکی اخبار

نہرو کا سیکولر بھارت ہندو انتہا پسندی کی بھینٹ چڑھ گیا، عالمی میڈیا نے بھارت میں بڑھتی انتہا پسندی پر خطرے کی گھنٹی بجادی

مسلمانوں کے خلاف جرائم پر سزا کا کوئی رواج نہیں، مودی سرکار نے جان بوجھ کر مسلمان مخالف قوانین بنائے، تحقیقی رپورٹ

واشنگٹن (صباح نیوز) معروف امریکی اخبار نیویارک ٹائمز نے مودی کا ہندوستان کو ہندو ملک بنانے کا منصوبہ بے نقاب کر دیا اور کہا ہے کہ مودی تیسری مرتبہ الیکشن جیت کر آئین تبدیل کرکے بھارت کو ہندو ملک قرار دے دے گا، ہندوتوا کے تحت چلنے والا ایشیا بھارت خطے بالخصوص پاکستان اور عالمی دنیا کی سلامتی کیلئے خطرہ قرار دیا گیا۔ عالمی میڈیا نے بھارت میں بڑھتی انتہا پسندی پر خطرے کی گھنٹی بجادی، پی پی کی بعد نو بارک (یتیہ 31 صفحہ 03 پر)

انکوائری مکمل ہونے تک وزیر خزانہ کو گرفتار کرنے کی اجازت

شوکت ترین نے عمران خان کے بہکانے میں آکر ایک ایسی حرکت کی کہ جس سے پاکستان کو نقصان ہوسکتا تھا، ان کے خلاف انکوائری مکمل ہوگی ہے، ایف آئی اے نے گرفتار کرنے کی اجازت مانگی ہے جو حکومت نے دے دی ہے

شیخ رشید کی گرفتاری کے پیچھے اس کی بکواس ہے جو وہ بغیر سوچے سمجھے کرتا ہے، اس نے ایک بڑی پارٹی کے سربراہ پر ایک دہشت گرد تنظیم کو بیعانہ اور پیسے دے کر قتل کرانے کا الزام لگایا، وزیر داخلہ کی کراچی میں پریس کانفرنس

کراچی (دھرتی نیوز) وزیر داخلہ رانا ثنااللہ نے کہا ہے کہ شوکت ترین نے عمران خان کے بہکانے میں آکر ایک ایسی حرکت کی کہ جس سے پاکستان کو نقصان ہوسکتا تھا، ان کے خلاف انکوائری مکمل ہوگئی ہے اور ایف آئی اے نے انہیں گرفتار کرنے کی اجازت مانگی ہے جو حکومت نے دے دی ہے۔ رانا ثنااللہ نے کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان پچھلے سات آٹھ ماہ سے باقاعدہ مہم جوئی اور گفتگو کر رہے ہیں کہ پاکستان عدم استحکام کا شکار ہو جائے تاکہ معاشی طور پر استحکام حاصل نہ کر سکے اور خدانخواستہ ڈیفالٹ کر جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس مقصد کے لیے عمران خان نے شوکت ترین جیسے آدمی کو بھی بہکایا جو بظاہر شریف آدمی ہیں اور ان کے بہکانے میں آکر انہوں نے بھی ایک ایسی حرکت کی کہ جس سے پاکستان کو نقصان ہوسکتا تھا۔ ان کے خلاف (یتیہ 64 صفحہ 03 پر)

میرپور: صدر آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں۔

مقبوضہ کشمیر میں 42 لاکھ ہندو کی آبادکاری کا منصوبہ بے نقاب ہوگیا، صدر آزاد کشمیر

میری 35 سالہ بیرون ممالک مسئلہ کشمیر کے سلسلہ میں دوروں میں یہ دورہ سب سے کامیاب دورہ تھا، اہم پیش رفت

سیاست کا آغاز مسئلہ کشمیر سے ہوا ہے اور مقبوضہ کشمیر کی آزادی تک میری جدوجہد جاری رہے گی، مختلف وفود سے بات چیت

اسلام آباد (دھرتی نیوز) صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کہا ہے کہ میرا حالیہ دورہ برطانیہ، یورپ، امریکہ اور ترکی کا بنیادی مقصد مقبوضہ کشمیر میں 42 لاکھ انڈین ہندوؤں کی آبادکاری کرکے ریاست کی (یتیہ 47 صفحہ 03 پر)

وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف ترکیہ اور شام میں زلزلہ سے متاثرہ افراد کی بحالی و مدد کیلئے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پنک بس سروس راولاکوٹ سمیت دیگر اضلاع میں بھی شروع کرنے کا فیصلہ

آزاد کشمیر حکومت صنعتوں کے فروغ کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے، سدھنوتی میں تسیع کی انڈسٹری کو فروغ دے رہے ہیں

آزاد کشمیر میں انٹرنیشن قسم کی جنیرز کی تیاری آئندہ ماہ مظفرآباد میں شروع ہوجائے گی، وزیراعظم کی صحافیوں سے بات چیت

اسلام آباد (پی آئی ڈی) وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان نے کہا ہے کہ 45 دنوں میں سینئر جرنلسٹ فورم کے ممبران کیلئے ہاؤسنگ منصوبہ شروع کردیں گے۔ خواتین کیلئے پنک بس سروس مظفر آباد کے بعد راولاکوٹ اور دیگر شہروں میں شروع کی جائیگی۔ آزاد کشمیر حکومت صنعتوں کے فروغ کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے۔ وزیراعظم سردار تنویر الیاس خان نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پہلے مرحلے میں کے (یتیہ 48 صفحہ 03 پر)

پاکستان کی جانب سے 4.7 ٹن امدادی سامان کی مزید کھیپ ترکیہ روانہ

اسلام آباد (صباح نیوز) بیسٹل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کی جانب سے 4.7 ٹن امدادی سامان کی ایک (یتیہ 49 صفحہ 03 پر)

الیکشن لڑا تو مسلم لیگ (ن) کے ٹکٹ پر لڑوں گا، شاہد خاقان عباسی

بہت سے مراحل بھی آئے لیکن میں جماعت کے ساتھ ہی رہا، نجی ٹی وی کو انٹرویو

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان مسلم لیگ کے سینئر رہنما اور سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ میں وقت آنے پر آئندہ الیکشن لڑنے کا فیصلہ کروں گا، اگر میں نے الیکشن لڑا تو مسلم لیگ (ن) کے ٹکٹ پر لڑوں گا اور اگر مسلم لیگ (ن) کا ٹکٹ نہ ملا تو پھر میں الیکشن (یتیہ 50 صفحہ 03 پر)

خرید و فروخت - تعمیر - انویسٹمنٹ

FAAZ ENTERPRISES

+92-313-5516535

باجوہ نے چند بڑے بدمعاشوں کی حمایت کی وہ کرپشن کو کوئی مسئلہ نہیں سمجھتے تھے، عمران خان

جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ کے شہباز شریف کے ساتھ گہرے تعلقات تھے، اس نے سازش کی اور حکومت تبدیل ہوئی سائفر حقیقت تھی لیکن یہ ماضی کی بات ہے، امریکا سے اچھے تعلقات پاکستان کے مفاد میں ہیں، وائس آف امریکا کو انٹرویو

اسلام آباد (صباح نیوز) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف اور سابق وزیراعظم عمران خان کا کہنا ہے کہ مجھے نکالنے کا منصوبہ امریکا نے نہیں پاکستان سے امریکا کیا تھا، جنرل (ر) باجوہ امریکیوں کو بھگانے میں کامیاب ہوگئے تھے کہ میں امریکا مخالف ہوں، جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ کے شہباز شریف کے ساتھ بہت گہرے تعلقات تھے اور اس نے سازش کی اور حکومت تبدیل ہوئی، سائفر ایک حقیقت ہے لیکن اب یہ ماضی کی بات ہے، ہمیں آگے بڑھنا ہوگا، امریکا سے اچھے تعلقات پاکستان کے مفاد میں ہیں۔ وائس آف امریکا کو دیئے گئے انٹرویو میں پاک فوج کے سابق تعلقات میں اتار (یتیہ 32 صفحہ 03 پر)

پی ڈی ایم انتخابات سے بھاگ رہی ہے، پی ٹی آئی

لاہور (صباح نیوز) پاکستان تحریک انصاف نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم انتخابات سے بھاگ رہی ہے، ہر بندہ پوچھ رہا ہے الیکشن کب ہوں گے، سنگل پیج کے تاریخ ساز فیصلے (یتیہ 34 صفحہ 03 پر)

وزیراعظم آزاد کشمیر نے ترکیہ کے زلزلہ متاثرین کیلئے فنڈ قائم کردیا

مظفرآباد (صباح نیوز) وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس نے ترکیہ کے زلزلہ متاثرین کیلئے فنڈ قائم کر دیا اور تمام حضرات اور عوام سے فنڈ میں عطیات جمع کروانے کی اپیل ۸ (یتیہ 36 صفحہ 03 پر)

پارٹی کا بیانیہ پہنچایا، نوجوانوں کو پارٹی میں شامل کیا جائے، مریم نواز

یونیورسٹیز میں طلباء کو منظم بنایا، خواتین کو مسلم لیگ (ن) کی جانب راغب کیا جائے

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر اور چیف آرگنائزر مریم نواز نے ہدایت کی ہے عوام تک پارٹی کا بیانیہ پہنچایا، نوجوانوں کو پارٹی میں شامل کیا جائے، سینئر عہدیداران پارٹی کے سٹیرنگ بنیں اور پارٹی کی ممبر سازی شروع کریں، پہلے ہدایات مریم نواز نے مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر اور چیف آرگنائزر مریم نواز نے ہدایت کی ہے عوام تک پارٹی کا بیانیہ پہنچایا، نوجوانوں کو پارٹی میں شامل کیا جائے، سینئر عہدیداران پارٹی کے سٹیرنگ بنیں اور پارٹی کی ممبر سازی شروع شروع کریں، عوام (یتیہ 33 صفحہ 03 پر)

ایکشن کمیشن کے پاس ہائی کورٹ کے مساوی اختیارات ہیں، کنور دلشاد

ایکشن کروانا اور حالات کو دیکھنا الیکشن کمیشن کا کام ہے، ہائی کورٹ ڈیکلیشن نہیں دے سکتی

اسلام آباد (صباح نیوز) سابق سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان کنور محمد دلشاد نے کہا ہے کہ اگر کوئی ادارہ الیکشن کمیشن کے معاملہ میں مداخلت کرتا ہے یا اختیارات کو کم کرتا ہے تو آرٹیکل 237 نے الیکشن کمیشن کو مکمل اختیار دیا ہے کہ انہوں نے کوئی کوتاہی اختیار نہیں کی، ہائی کورٹ کو اختیار ہے کہ وہ فیصلہ اتھارٹی کو باہر پھینک دے اور اسے رد نہ کرے۔ چاہو کوئی سات پیٹیشن ہوں تو ہر بھی اور بات ہے، ایک سنگل رٹ نتیج کا نتج کہتا ہے میں کم جاری کرتا ہوں (یتیہ 35 صفحہ 03 پر)

انسانی حقوق کی پاسداری انتہائی ناگزیر ہو چکی ہے بلاول بھٹو زرداری

1973 کا آئین خواتین کو برابری، نمائندگی، تحفظ اور ترقی کے یکساں مواقع کی ضمانت دیتا ہے

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ انسانی حقوق کی پاسداری خواتین کو برابر کے حقوق دیئے بغیر ناممکن ہے۔ 1973 کا آئین خواتین کو برابری، نمائندگی، تحفظ اور ترقی کے یکساں مواقع کی ضمانت دیتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین اور وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے خواتین کے قومی دن کے موقع پر منعقد ہونے جاری اپنے پیغام (یتیہ 37 صفحہ 03 پر)

بلوچستان کے سیکورٹی اداروں میں مقامی افراد کو بھرتی کرنے کی ہدایت

ملکی، غیر ملکی شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے ہر ممکن اقدامات لئے جائیں، رانا ثنا

کوئٹہ (صباح نیوز) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنااللہ خان نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہدایت کی ہے کہ ملکی اور غیر ملکی شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے ہر ممکن اقدامات لئے جائیں، ان اقدامات پر مشتمل رپورٹ میں ہر کوتاہی کی بنیاد پر جاری ہونے والے احکامات کی صورت میں کارروائی کی جائے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے اس امر کا اظہار اور تاثر دیا کہ دورہ کوئٹہ کے موقع پر دہشت گردی اور غیر قانونی سرگرمیوں کی سیکیورٹی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ (یتیہ 38 صفحہ 03 پر)

ملک کے 39 اضلاع میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم آج سے شروع ہوگی

مہم 13 تا 17 فروری تک 9 اضلاع میں چلائی جائے گی، 30 اضلاع میں جزوی ہوگی

لاہور (صباح نیوز) ملک کے 39 اضلاع میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم آج (پیر سے) شروع ہو گئی۔ پنجاب کے 2 اضلاع لاہور اور قصور میں بھی مجموعی طور پر مہم چلائی جائے گی، 60 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ عبدالقادر وکیل نے انہوں نے بتایا کہ ملک کے 30 اضلاع میں جزوی انسداد پولیو مہم چلے گی، پنجاب کے 2 اضلاع لاہور اور قصور میں بھی مجموعی طور پر مہم چلائی جائے گی، 60 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ عبدالقادر وکیل نے (یتیہ 42 صفحہ 03 پر)

گورنر سٹیٹ بینک کا بینک آف آزاد جموں کشمیر کو شیڈول بینک کا درجہ دینے پر اتفاق

سمندر پار تاکین وطن وکارپوریٹ سیکٹر کی بینک کو شیڈول کا درجہ دینے کی خواہشات شامل ہیں، جلد تکمیل ہو یہ بینک بہت جلد ترقی کی نئی منازل طے کرتے ہوئے کامیاب ترین بینکوں کی صف میں شامل ہو جائے گا، گورنر

اسلام آباد (دھرتی نیوز) گورنر سٹیٹ بینک آف پاکستان جناب نبیل احمد خان نے بینک آف آزاد جموں وکشمیر کی کارکردگی اور شیڈول بینک درجہ کے حصول سے متعلق کئے گئے اقدامات کی تعریف کرتے ہوئے سٹیٹ بینک کی جانب سے لائسنس اجراء کرنے کے موقف سے اصولی اتفاق کرلیا اور کہا کہ جس انداز و رفتار سے تمنے کامیاب کاروباری مالیاتی ادارہ ترقی کی جانب گامزن رہے ہوئے ریاست کی معاشی و سماجی ترقی میں کردار ادا کر رہا ہے، اس (یتیہ 51 صفحہ 03 پر)

اسلام آباد: بینک آف آزاد جموں وکشمیر کے چیئرمین خان عبدالغفار جدون خان اور جناب خاور سعید گورنر سٹیٹ بینک آف پاکستان جناب نبیل احمد کو حکومت آزاد کشمیر اور بینک کی جانب سے شیلڈ پیش کر رہے ہیں

پاکستان میں انسانی حقوق کی پامالیوں کو روکنا ہوگا، سردار نزاکت

ریاست کو یہ ثابت کرنا پڑے گا پاکستان کے تمام شہری برابر ہیں، پریس کانفرنس

کراچی (دھرتی نیوز) پاکستان میں انسانی حقوق کی پامالی کو روکنے کے لیے ریاست اور عام شہریوں کو اپنا کردار ادا کرنا پڑے گا جس طرح پاکستان میں انسانی حقوق کی پامالی ہو رہی ہے اس سے پاکستان کی پوری دنیا میں بدنامی ہو رہی ہے پاکستان کے تمام اداروں کو آپ نے اپنی ذمہ دین میں رہ کے کام کرنا پڑے گا اور پاکستان کی ریاست کو یہ ثابت کرنا پڑے گا پاکستان کے تمام شہری برابر ہیں اور ان کے مساوی حقوق ہے جب تک پاکستان میں انسانی حقوق کی پامالی ختم نہیں جاتی پاکستان کے معاشی (یتیہ 41 صفحہ 03 پر)

مریم نواز عدلیہ پر اثر انداز ہونے کی کوشش کر رہی ہیں، فواد چوہدری

اسلام آباد (صباح نیوز) نائب صدر تحریک انصاف فواد چوہدری نے مریم نواز کی تھیوری کو ایک بار پھر بے مقصد قرار دے دیا (یتیہ 52 صفحہ 03 پر)

مقبول بٹ شہید کی جدوجہد مشعل راہ ہے، پیر سید مشتاق

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) جماعت اہلسنت کے مرکزی راہنما مولانا پیر سید مشتاق علی الہ شاہ گیلانی نے کہا ہے کہ شہید کشمیر تھے (یتیہ 54 صفحہ 03 پر)

الیکشن کمیشن آف پاکستان کا اجلاس پیر کو طلب

اسلام آباد (صباح نیوز) چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے الیکشن کمیشن کا ایک اجلاس پیر کو طلب کیا ہے جس میں جناب اسمبلی کے انتخابات کے انعقاد پر غور کیا جائے (یتیہ 56 صفحہ 03 پر)

امریکی طیارے نے اڑتی ناقابل شناخت شے کو مار گرایا

امریکی اور کینیڈین افواج کی مشترکہ کارروائی میں ناقابل شناخت شے کو مار گرایا گیا

اٹاوا (صباح نیوز) کینیڈا کے وزیراعظم جسٹن ٹروڈو نے کہا ہے کہ ان کے احکامات پر امریکی بحری طیارے نے شمالی کینیڈا کی فضاؤں میں اڑتی ناقابل شناخت شے کو مار گرایا ہے۔ جسٹن ٹروڈو نے اپنی ٹویٹ میں لکھا احکامات ملتے ہی امریکی اور کینیڈین افواج کی مشترکہ کارروائی (یتیہ 53 صفحہ 03 پر)

مرگی کے عالمی دن کی مناسبت سے پرڈاکٹر فوزیہ صدیقی کا پیغام

حقوق کے تحفظ کے لیے مناسب قانون سازی کی ضرورت ہے: ڈاکٹر فوزیہ صدیقی

کراچی (صباح نیوز) ایپی لیپسی فاؤنڈیشن پاکستان کی صدر، معروف نیورولوجسٹ اور مرگی کے ماہر ڈاکٹر فوزیہ صدیقی نے کہا ہے کہ مرگی میں مبتلا افراد کے حقوق (یتیہ 55 صفحہ 03 پر)

ہماری عورتیں ملک کا سرمایہ ہی نہیں سہارہ ہیں، شیری رحمان

جرات مند عورتیں پاکستان کی دستاویزی، غیر دستاویزی معیشت کا پہیہ چلاتی ہیں

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی بیلٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ خواتین کے قومی دن کے موقع پر ملک کی تمام باہمت، محنتی اور جاری اپنے پیغام (یتیہ 57 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد: پروفیسر ڈاکٹر مقصود اور دیگر مقررین تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

آزاد کشمیر میں بلدیاتی ایسوسی ایشن کے انتخاب آج ہوں گے مقدمات سماعت ہوسکیں گے

قبل ازیں یہ انتخابات گیارہ فروری کو ہونے تھے لیکن شہید کشمیر مقبول احمد بٹ کی برسی کی وجہ سے شیڈول میں تبدیلی لائی گئی تھی

پارلیسوی ایشنز کے انتخابات کے باعث عدالتوں میں مقدمات کی سماعت بھی نہ ہوسکے گی، نتائج کا اعلان بھی آج ہی کردیا جائے گا

مظفرآباد، راولاکوٹ (دھرتی نیوز) آزاد جموں وکشمیر بار کونسل کی زیرنگرانی آزاد کشمیر کی ضلعی و تحصیل بار ایسوسی ایشنز کے سالانہ انتخابات آج صبح فروری کو ایک ساتھ ہوں گے جس کی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ قبل ازیں یہ انتخابات گیارہ فروری کو ہونے تھے لیکن شہید کشمیر مقبول احمد بٹ کی برسی کی وجہ سے شیڈول میں تبدیلی لائی گئی تھی جس کی وجہ سے اب یہ انتخابات آج ہوں گے۔ بارایسوسی ایشنز کے انتخابات کے باعث عدالتوں میں (یتیہ 58 صفحہ 03 پر)

صدر مملکت کی ایران میں انقلاب کی 44 ویں سالگرہ پر مبارکباد

برادرانہ تعلقات لسانی، ثقافتی اور مذہبی بنیادوں پر استوار ہیں، عارف علوی

اسلام آباد (صباح نیوز) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے ایران میں انقلاب کی 44 ویں سالگرہ پر ایران کو مبارکباد دی ہے۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے ایران کے اسلامی انقلاب کے رہنما آیت اللہ سید علی خامنہ ای اور مبارکباد کا خط لکھا ہے۔ صدر مملکت نے ایران میں انقلاب اسلامی کی 44 ویں سالگرہ کے موقع پر پاکستان کی حکومت اور عوام کی جانب سے مبارکباد کا پیغام (یتیہ 40 صفحہ 03 پر)

پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس آج پیر کو ہوگا

اسلام آباد (صباح نیوز) پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس جاری کردہ دو ہفتے کے بعد آج (پیر) ہوگا اجلاس جاری کردہ ایک ماہ دو سال اور دہشت گردی، اقتصادی (یتیہ 39 صفحہ 03 پر)

روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ
شہر.....شہر.....قریہ.....قریہ.....کی خبریں

شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور انکی جدوجہد جاری رکھیں گے، برالطیف

مقبول بٹ شہید نے غلامی، جہالت، ملائیت، پسماندگی و سرمایہ دارانہ نظام کے خلاف عظیم بغاوت کی تھی

منعقدہ جلسہ میں علی وزیر کی رہائی، کشمیری تنظیموں پر پابندی، مہنگائی و آئی ایم ایف پالیسیوں کیخلاف قرارداد منظور

راولاکوٹ (ھرٹی نیوز) بھوں کشمیر نیشنل فیڈریشن کے زیر اہتمام شہید مقبول بٹ شہید و شہداء پیچوٹی کی برسی کے سلسلہ میں احتجاجی ریلی و جلسہ کا انعقاد کیا گیا۔ احتجاجی ریلی دن 1 بجے کالج گراؤنڈ سے ہوئی جلسہ میں بے روزگاری، لوڈشیڈنگ، مہنگائی، مظلوم عوام پر پابندی، سامراجی غلامی و سرمایہ دارانہ استحصال کے خلاف نعرے لگائے گئے۔ احتجاجی ریلی کی قیادت ایڈووکیٹ عزم بدر، تنویر، جوائنٹ سیکرٹری انعم اختر، دانش یعقوب، نقاش امین (بقیہ 01 صفحہ 03)

رقبہ ڈھارا میں خالصہ سرکار پر مبینہ تعمیرات کیخلاف تشویش

ڈھارا برمنگ خورد میں تصادم کا خطرہ ہے، نوٹس لیا جائے، محمد ساجد عزیز کا بیان

راولاکوٹ (ھرٹی نیوز) محمد ساجد عزیز آف ڈھارا برمنگ خورد نے اپنے تحریری بیان میں کہا کہ رقبہ ڈھارا میں خالصہ سرکار پر غیر قانونی تعمیرات سرعام ہو رہی ہے مختلف سرکاری اداروں کی طرف سے خالصہ سرکار پر کرشمہ کی سالوں سے غیر قانونی تعمیرات جاری ہے جبکہ سپریم کورٹ کے فیصلے کیمطابق خالصہ سرکار واگزار کے احکامات بھی جاری ہو چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ (بقیہ 02 صفحہ 03)

ڈاکٹر عرفان کی قیادت میں تعمیر و ترقی شروع ہو گی ، اسرار خان

کامیابی ڈاکٹر عرفان کے مقدر میں لکھی جا چکی ہے، سیکرٹری جنرل

راولاکوٹ (ھرٹی نیوز) تحریک جوانان کشمیر کے مرکزی سیکرٹری جنرل سردار اسرار خان نے کہا کہ ڈاکٹر عرفان اشرف کی قیادت میں مظفر پونچھ جموں کشمیر ترقی کا دوبارہ سلسلہ شروع ہوگا کیونکہ حکومت آزاد کشمیر میں ان کا آچھا خاصا اثر رسوخ ہے پہلے بھی آزاد کشمیر کے انتخابات میں منتخب نمائندہ ہوتے ہوئے بھی اپنی جیب سے کئے گئے نے عوام کے مسائل حل کیے بڑے دکھی بات ہے کہ ملی سوہل روڈ جو (بقیہ 04 صفحہ 03)

پاکستان انٹرنیشنل میری ٹائم ایکسپو 2023 کی اختتامی تقریب

امید ہے آئندہ ٹرمائنٹس میں مزید ممالک بھی شریک ہونگے، فیصل سبزواری

کراچی (صباح نیوز) کراچی میں پاکستان انٹرنیشنل میری ٹائم ایکسپو اینڈ کانفرنس 2023 کی اختتامی تقریب منعقد ہوئی۔ کراچی میں وزارت بحری امور اور پاکستان نیوی کی مشترکہ کوششوں سے جاری پہلی میری ٹائم ایکسپو2023 کی اختتامی تقریب ہوئی جس میں وفاقی وزیر برائے بحری امور فیصل سبزواری نے خطاب کیا۔ وفاقی وزیر نے اپنے خطاب میں کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ اس ٹرمائنٹ میں بہت سے معاہدے طے کئے گئے ہیں اور ہماری آگے بھی یہی کوشش ہوگی کہ ان معاہدوں کو عملی شکل دی (بقیہ 06 صفحہ 03)

آئین کی بالادستی کیلئے ہماری تحریک بالکل تیار ہے، نواد چوہدری

کسی سیاسی پارٹی کا وفادار اہلکار ثابت کرنا سول سرونٹس کیلئے نامناسب ہے

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر نائب صدر راوسرابق وفاقی وزیر برائے اطلاعات و نشریات نواد چوہدری نے کہا ہے کہ پنجاب میں پیور کریٹس 25 مئی کے واقعات میں شامل تھے اور جن کو وہ وفاقی حکومت کے دھاندلی کی نیت سے پنجاب میں تعینات کیا ان سے کہنا ہوں خود پنجاب سے پنجھرہ ہو ہیں، ریاست کے ساتھ اپنے حلف کا پاس کریں، کسی سیاسی پارٹی کا وفادار اہل کار ثابت کرنا سول سرونٹس کیلئے نامناسب ہے۔ان خیالات کا اظہار نواد چوہدری نے اتوار کے روز ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں کیا۔ نواد چوہدری نے کہا کہ الیکشن کمیشن کو انتخابات کیلئے آج اجلاس منعقد کرنا چاہیے تھا آج کمیشن اور عدالتی احکامات کے ٹکراؤ نہ بنائیں، عدالت کے داخ ،کفاات کے بعد بھی عام تاثر ہے (بقیہ 08 صفحہ 03)

کشمیریوں کی شناخت ختم کرنے کی بھارتی مہم کیخلاف 15 فروری کو ہڑتال کا اعلان

بھارت منصوبہ بند سازش کے تحت کشمیری عوام سے جائیدادیں اور زمینیں چھین کر شناخت مٹانے کی کوشش کر رہا ہے

مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کے تمام بنیادی حقوق چھین کر انہیں بدترین سیاسی غلامی کی طرف دھکیلا جا رہا ہے، تشویش

سری نگر (پی آئی) کشمیری عوام کی اراضی چھین کر غیر کشمیریوں کو آباد کرنے اور کشمیریوں کی شناخت ختم کرنے کی بھارتی مہم کے خلاف 15 فروری کو مقبوضہ کشمیر میں ہڑتال ہوگی۔ کل جماعتی حریت کانفرنس نے کشمیری عوام سے بھارت کی کشمیر دشمن پالیسیوں کے خلاف احتجاج کے لئے 15 فروری 2023 کو پیر کو مکمل ہڑتال کرنے کی اپیل کی ہے۔ کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا (بقیہ 10 صفحہ 03)

سرینگر میں اب بھارتی کاروباری کمپنیوں اور ٹائیکونز کا استعمال

خصوصی حیثیت کے خاتمہ کے بعد اٹھائے جانے والے اقدامات پر شدید تشویش

سری نگر (پی آئی) انتہا پسند ہندو جماعت بی جے پی کی قیادت میں بھارتی حکومت کے کشمیر میں نوآبادیاتی منصوبے کو توسیع دینے کے لیے بھارتی کاروباری کمپنیوں اور ٹیکنوز کا استعمال شروع کر دیا ہے مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارت کا توآبادیاتی منصوبہ ان ہی خطوط پر آگے بڑھ رہا ہے جس طرح اسرائیل نے فلسطین میں زمینوں پر قبضہ کیا تھا۔ایک پورے کے مطابق بھارت کی طرف (بقیہ 12 صفحہ 03)

باغ، جے ایل ایف کے زیر اہتمام بٹ شہید کی برسی پر تقریب

آزادی کے لئے مل کر جدوجہد کرنے اور صف بندی کو مضبوط بنانے پر بھی زور

باغ (ڈسٹرک رپورٹر) جموں کشمیر سٹوڈنٹس ایسوسیشن فرنٹ ضلع باغ کے ساتھی جنرل سیکریٹری عبید کشمیری نے مقبول بٹ شہید کے 39 ویں یوم شہادت کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مقبول بٹ شہید کی زندگی ہمارے لیے مشعل راہ ہے نوجوان مسلسل مقبول بٹ شہید کی جدوجہد سے راہنمائی لیتے ہوئے صف بندی کرے اور آزادی کے حصول کے لیے طاقتور آواز بلند کرے انہوں نے (بقیہ 14 صفحہ 03)

پنجاب گروپ آف کالجز کی میٹرک کے طلبہ کی تیاری کیلئے فری آن لائن ایپ متعارف

ایپ 5000 ایم سی کیوز ،1000 تفصیلی سوالات ،4000 مختصر سوالات اور 1500 سے زائد ویڈیو لیکچرز پر مشتمل

اس ایپلی کیشن میں تمام مضامین کے ٹیسٹس اور خود ایک کار طریقہ کار سے ٹیسٹس کے نتائج بھی موبائل ایپ کا خاصہ ہیں

راولاکوٹ (ھرٹی نیوز) پنجاب گروپ آف کالجز نے میٹرک کے طلبہ کی تیاری کیلئے فری آن لائن ایپ متعارف کروا دی ہے۔ یہ موبائل ایپ 5000 ایم سی کیوز ، 1000 تفصیلی سوالات ، 4000 مختصر سوالات اور 1500 سے زائد ویڈیو لیکچرز پر مشتمل ہے۔ تفصیلات کے مطابق اس موبائل ایپلی کیشن میں تمام مضامین کے معیاری فری ویڈیو لیکچرز موجود ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ تمام مضامین کے ٹیسٹس اور خود کار طریقہ کار سے ٹیسٹس کے نتائج بھی موبائل ایپ کا خاصہ ہیں۔ ایپ کا نام PGCByPrep ہے اس موبائل ایپ میں پروڈاکٹ کے ساتھ پیج زبھی موجود ہیں۔ میٹرک کے امتحان کی بہتر ین (بقیہ 23 صفحہ 03)

راولاکوٹ، کشمیر میڈیکل کالج پرنسپل آفتاب عارف، ایجوکیشن کنسلٹنٹ جمیل احمد کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت کر رہے ہیں

باغ، بچوں کی تربیت پر بھی توجہ دی جائے، ڈی ای او نسواں

بچوں کیمپوٹر کی تعلیم سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، رضوانہ شمیم

باغ (ڈسٹرک رپورٹر) ڈسٹرک ایجوکیشن آفیسر نسواں رضوانہ شمیم معروف سماجی رہنما راجہ وحید کریم نے کہا ہے کہ جدید اور سائنسی دور میں کیمپوٹر کی تعلیم ضروری ہے، بچوں کو بھی کیمپوٹر کی تعلیم سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، دنیا میں جس ملک نے بھی ترقی کی انہوں (بقیہ 22 صفحہ 03)

جہلم ویلی کے ورکنگ جرنلسٹ کیلئے ممبر شپ کا باقاعدہ آغاز

28 فروری تک درخواستیں وصول کی جائیں گی، پریس کلب کیجانب سے شیڈول

چناری (خصوصی رپورٹر) ڈسٹرک پریس کلب ہٹیاں بالا کا جہلم ویلی نے سال 2022ء کی طرح سال 2023ء کے لیے بھی جہلم ویلی کے ورکنگ جرنلسٹ کے لیے ممبر شپ اوپن کر دی۔ ڈسٹرک پریس کلب ہٹیاں بالا کی جانب سے جاری پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ ضلع جہلم ویلی سے (بقیہ 21 صفحہ 03)

وزیراعظم سے وفاقی وزیر تعلیم رانا تنویر کی ملاقات

لاہور (صباح نیوز) وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف سے وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت رانا تنویر حسین نے لاہور میں ملاقات کی۔ وفاقی وزیر نے وزیراعظم کو اسلام آباد کے تعلیمی اداروں سے ترکیہ اور شام کے زلزلہ متاثرین کے لیے سطیات کے حوالے سے برلنگ دی ملاقات میں وفاقی وزارت تعلیم و فنی تربیت کے امور پر بات چیت کی (بقیہ 03 صفحہ 03)

صحافی ارشد شریف قتل از خود نوٹس کیس کی سماعت آج ہوگی

اسلام آباد (صباح نیوز) سپریم کورٹ میں صحافی ارشد شریف قتل ازخود نوٹس کیس کی سماعت آج (پیر کو) ہوگی۔ چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں قائم پانچ رکنی لارجر بنچ کیس کی سماعت کرے گا۔ پنج رکنی بنچ میں جسٹس اعجاز الاحسن، جسٹس منظور ملک، اکبر، جسٹس جمال خان (بقیہ 05 صفحہ 03)

ترکیہ، شام زلزلہ: 2 بچے، ایک لڑکی اور دو خواتین کو زندہ نکال لیا گیا

انقرہ (صباح نیوز) ترکیہ اور شام میں ہولناک زلزلے کے بعد امدادی کارروائیاں جاری ہیں اور کئی معجزے بھی ہو رہے ہیں۔ ریسکیو ورکرز نے زلزلے کے چھٹے روز بدھ کے روز 2 ماہ کے بچے، 70 سال کی خاتون اور 6 ماہ کی حاملہ (بقیہ 07 صفحہ 03)

باغ، سردار خالد محمود کی تعیناتی کا خیر مقدم

باغ (ڈسٹرک رپورٹر) پرنسپل گورنمنٹ گرلز کالج پونچھ پروفیسر مسیح کیانی نے کہا ہے کہ سابق ڈپٹی ڈائریکٹر سردار خالد محمود کی ایجوکیشنل (بقیہ 09 صفحہ 03)

''دھرتی ڈیجیٹل'' پر اسلامیہ ماڈل کالج کھڑک سے متعلق ویڈیو معاملہ

ویڈیو میں ایک شخص کی جانب سے لگائے جانے والے الزامات مکمل طور پر مسترد راولاکوٹ (ھرٹی نیوز) انتظامیہ اسلامیہ ماڈل کالج (بقیہ 24 صفحہ 03)

اردو مقابلہ کی تقریب میں میں ایجوکیشنرز کی کامیابی

باغ (ڈسٹرک رپورٹر) (بھوں کے بھٹر) اردو مقابلہ باغ ایجوکیشنرز نے میدان مار لیا۔ ایجوکیٹرز نارتھ ریجن کے زیر اہتمام اردو (بقیہ 26 صفحہ 03)

برطانوی فوج رکن کا مقابلہ نہیں کرسکتی، منیٹو

لندن (صباح نیوز) برطانوی میڈیا نے کہا ہے کہ نائٹھ اطلاک فرنٹ آرگنائزیشن (ٹیٹو) کی جانب سے خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے (بقیہ 28 صفحہ 03)

کوہاٹ میں فائرنگ سے ایک خواجہ سراجاں بحق، 2 زخمی

کوہاٹ (صباح نیوز) کوہاٹ میں نامعلوم شخص کی فائرنگ سے ایک خواجہ سرا موقع پر جاں بحق ہوگیا جبکہ 2 خواجہ سرا زخمی ہو گئے۔ (بقیہ 29 صفحہ 03)

ایجوکیشنل کنسلٹنٹ جمیل احمد کی والدہ ماجدہ انتقال کر گئیں

چیڑہ میں سپرد خاک ، نماز جنازہ میں سرکردہ شخصیات کی شرکت

ماجدہ انتقال کر گئیں، مرحومہ خلفہ کو پھوپھی معروف دینی و مذہبی شخصیت حافی علی احمد افغان مرحوم کی بہو اور ریٹائرڈ لائنمینٹ وابڈا ایف بٹیر افغان مرحوم کی اہلیہ محترمہ تھیں مرحومہ کو آبائی قبرستان چیڑہ برمیاڑ میں سپرد خاک کیا گیا، نماز جنازہ (بقیہ 25 صفحہ 03)

تبدیلی سرکار نے آزاد کشمیر میں ریاستی امور کا پٹھا بٹھا دیا، افتخار گیلانی

ہمارے دور حکومت میں آزاد کشمیر کے اندر ہر شعبہ زندگی میں ترقی کی منازل طے کی گئی

مظفر آباد (کے این این) ساباتی وزیر سیفٹی سکوڈ مرکزی رہنما مسلم لیگ ن آزاد کشمیر چیئرمین افتخار گیلانی نے کہا ہے کہ تحریک انصاف سرکار کی حکومت نے آزاد کشمیر کے اندر ریاستی امور کا پٹھا بٹھا دیا ہے مسلم لیگ ن کے دور حکومت میں آزاد کشمیر کے اندر ہر شعبہ اے زندگی میں ترقی کی منازل طے کی گئی ، ریاستی امور کی انجام دہی استمن اور ان میں جس طرح تدبیر میں ترمیم بھی تاریخ ساز قانون سازی کی گئی ،این ایس ایس کا نفاذ ریاست بھر میں شاہراہ کا جال ،لائٹ آرڈر کی تبدیلی بطفل صوحطال روزگار سہولیات صحت تعلیم کی فراہمی یقینی بنایا گیا ،انھوں نے کہا کہ جو بھی سرکار کی حکومت نے ریاست کے اندر تمام امور (بقیہ 27 صفحہ 03)

پاکستان سیاسی بحرانوں کے گرداب میں ہے، لیاقت بلوچ

آئی ایم ایف کے سامنے سرنڈر کے ذمہ دار فوجی حکمران، پی پی پی، ن لیگ ہیں

لاہور، گجرات (صباح نیوز) نائب امیر جماعت اسلامی ساتھی پارلیمانی لیڈر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ پاکستان خوفناک اقتصادی، سیاسی اور اخلاقی بحرانوں کے گرداب میں ہے۔ مرکزی تربیت گاہ منصورہ اور ڈرجاٹ، گجرات میں "مارگلی مہنگائی" مارچ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جرنیلوں، سول سرونٹس اور بڑی طرف حکمرانی نے قومی معیشت کی تباہی کا باعث ہے، لاہور سے راولپنڈی مارچ عوام کے دکھوں کے احساس اور مہنگائی، بے روزگاری سے بدحال عوام کے احتجاج کا ترجمان ہے، مہنگائی (بقیہ 30 صفحہ 03)

مظفر آباد: خواجہ فاروق احمد نگی یونین کونسل کوہ گوجرہ میں کونسلر اویس مغل کی جانب سے دیئے گئے ظہرانے خطاب کر رہے ہیں۔

طالبکیم سمیت کئی ممالک میں بٹ شہید کی برسی عقیدت و احترام سے منائی گئی

شہروں میں منعقد ہونے والی تقریبات میں کشمیریوں کے حق خودارادیت کے حصول کے عزم کا اعادہ کیا گیا

بھارتی مظالم کے خلاف سخت الفاظ میں مذمت، عالمی برادری سے فوری طور پر اپنی ذمہ داریوں کو نبھانے کا بھی مطالبہ

سری نگر (پی آئی) برطانیہ، نیویارک اور دوسرے ممالک میں کشمیری تارکین وطن نے مقبول بٹ شہید کی برسی عقیدت و احترام سے منائی۔ اس سلسلے میں ہونے والی تقریبات میں کشمیریوں کے حق خودارادیت کے حصول کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ جموں و کشمیر لبریشن فرنٹ کے ترجمان نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ برطانیہ اور سپین میں بھارتی سفارتخانوں کے سامنے لبریشن فرنٹ کی طرف سے زبردست احتجاجی مظاہرے ہوئے جبکہ گلف (بقیہ 60 صفحہ 03)

کوٹلی، محکمہ خوراک کے ڈی ایف سی سردار طاقب کو تبدیل ہونے پر الوداعی تقریب میں سٹاف کی جانب سے ہار پہنائے جا رہے ہیں۔

پونچھ ہومیو پیتھک ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام شجر کاری

تقریب کے مہمان خصوصی کمشنر پونچھ چوہدری محمد فرید تھے

راولاکوٹ (ھرٹی نیوز) پونچھ ہومیو پیتھک ڈاکٹر ایسوسی ایشن نے تجرکاری مہم 2023 کا آغاز جمعہ کی باضابطہ اختتامی تقریب گزشتہ دونوں ڈسٹرک کمپلیکس راولاکوٹ میں ہوئے جس کے مہمان خصوصی کمشنر پونچھ ڈویژن چوہدری فرید صاحب تھے۔ تقریب سے پونچھ ہومیو پیتھک ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے سیکرٹری مالیات ڈاکٹر چاشی بارلحہ نے کمشنر پونچھ ڈویژن کو بریفنگ (بقیہ 17 صفحہ 03)

مقبول بٹ اور افضل گورو کی باقیات کی فوری حوالگی کا مطالبہ

شہید مقبول بٹ بلاشبہ ایک بے لوث اور متاثر کن شخصیت تھے، غلام نبی فائی

واشنگٹن (کے این این) امریکہ میں ہونے والی ایک تقریب میں بھارت پر زور دیا گیا ہے کہ شہید مقبول بٹ اور شہید افضل گورو کی باقیات کشمیر میں ان کے لواحقین کو واپس کیا جائے۔ ہولوکوسٹ فارگیٹن ایونٹ جنس کے چیئرمین ڈاکٹر غلام نبی فائی نے ممتاز کشمیری رہنما شہید مقبول بٹ کو اس (بقیہ 18 صفحہ 03)

شیخ رشید کے کاغذات نامزدگی منظور کرنے کا فیصلہ چیلنج ہو گیا

سنگین نوعیت کے الزمات ہیں، انہوں نے اثاثے مکمل طور پر ظاہر نہیں کئے

راولپنڈی (صباح نیوز) ساباتی وزیر داخلہ شیخ رشید کے کاغذات نامزدگی مسترد کرنے کا فیصلہ الیکشن کمیشن میں چیلنج کر دیا گیا۔ حلقہ این اے 62 سے امیدوار عظمت مبارک ایڈووکیٹ نے شیخ رشید کے کاغذات کو چیلنج کیا۔ درخواست گزار کے مطابق شیخ رشید پر سنگین نوعیت کے (بقیہ 16 صفحہ 03)

مظفر آباد: یونین کونسل سیدپور سے پیپلز پارٹی کے چوہدری خان چیئرمین منتخب

مظفر آباد (کے این این) حلقہ ایک کوٹلہ کے نواحی علاقے یونین کونسل سید پور سے پیپلز پارٹی کے امیدوار چوہدری خان ڈسٹرک کونسل کے انتخابات میں چیئرمین منتخب ہو گئے۔ یونین کونسل میر چوہدری خیبر کی زمان اور دکرا جابک کا کونسلر کا کامیاب ہو گئی۔ تفصیلات کے مطابق آزاد کشمیر سے (بقیہ 61 صفحہ 03)

مقبوضہ کشمیر میں تنقیدی رپورٹنگ کو روکنے کیلئے صحافیوں پر پابندی

مقبوضہ کشمیر میں 2022 میں انٹرنیٹ کو کل 456 گھنٹے کے لیے بند کر دیا گیا

سری نگر (پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی حکومت نے تنقیدی رپورٹنگ کو روکنے کے لیے صحافیوں پر پابندی لگا دی ہے جبکہ متاثر پر انٹرنیٹ پر بھی پابندی ہوتی ہے۔ غیر قانونی تشرائی گئی۔انہوں نے کہا کہ (بقیہ 62 صفحہ 03)

ادارے کی رپورٹ کے مطابق مقبوضہ کشمیر میں 2022 میں انٹرنیٹ کو کل 456 گھنٹے کے لیے بند کیا گیا اور ہر وقت متاثی تاج رانٹرنیٹ پر مکمل پابندی لگائی

ملک ایک تاریخ کے نازک ترین موڑ پر ہے، چوہدری اشرف

ملکی بقاء کیلئے عمران خان کی کال پر پی ڈی ایم کو بے نقاب کرنا ہوگا، گفتگو

شاہد یونیورسٹی کے (کے این این) پولیٹیکل ایڈوائزر پاکستان تحریک انصاف پارٹشائز اینڈ نیبر ریگن آزاد جموں و کشمیر چوہدری اشرف نے کہا ہے کہ ملک اس وقت تاریخ کے نازک ترین موڑ پر ہے۔ ملکی بقاء کیلئے ہمیں پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی کال پر عوام کو گھروں سے نکل کر پی ڈی ایم کو بے نقاب کرنا ہوگا۔ عوام پی پی ن لیگ کی قیادت کرپشن کی وجہ سے ان سے متنفر ہو چکے ہیں۔ پی پی کا نظریہ کرپشن کی تھا رہو چکا ہے۔ ن لیگ اور پی ڈی ایم کی قیادت کو مہنگائی کھا جائے گی۔ (بقیہ 63 صفحہ 03)

لاہور، حلقہ خواتین جماعت اسلامی کے تحت کارکنان کیلئے تربیتی ورکشاپ آج ہوگی

لاہور (صباح نیوز) حلقہ خواتین جماعت اسلامی کے تحت کارکنان کیلئے تربیتی ورکشاپ آج (پیر کو) ہوگی۔ میڈیا سیل حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان کے تحت سلسلہ وار گفتری (بقیہ 11 صفحہ 03)

کورونا، 22 نئے کیسز رپورٹ، 8 مریضوں کی حالت تشویشناک

اسلام آباد (صباح نیوز) مہلک عالمی وبا کورونا وائرس کے باعث 22 کے کیسز رپورٹ ہوئے ، 8 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ قومی ادارہ برائے صحت (این آئی ایچ) کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق کرشنہ (بقیہ 13 صفحہ 03)

فلور ملز مالکان کا آج پیر سے پنجاب بھر میں ہڑتال کا اعلان

مختلف اضلاع میں بیشتر ملیں بند ہونے سے آٹے کی قلت پیدا ہونے کا خدشہ

لاہور (صباح نیوز) لاہور میں ایک بار پھر دکانوں سے آٹا غائب ہو گیا، فلور ملز مالکان نے آج (پیر) ہڑتال کا اعلان کر دیا۔ بیشتر دکانوں پر 10 کلو والا سمبڑا ڈرا آٹے کا سرکاری ضمیا دستیاب نہیں جبکہ 15 کلو والے کرش آٹے کی سپلائی بھی کم ہو گئی۔ محکمہ خوراک (بقیہ 15 صفحہ 03)

مظفر آباد: ایڈیشنل ڈائریکٹر خوراک سردار طارق بھٹوں کی صفائی ستھرائی چیک کر رہے ہیں۔

For Daily Kashmir Dharti News Update
FOLLOW US ON
Kashmir Dharti Digital
Dailydharti/facebook
Dailydharti/group
Dailydharti / twitter
Dailydharti / Instagram
Dailydharti / zoom
HD NEWS

چیف ایڈیٹر و پبلشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بیک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864 ، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com

Editorial ایڈیٹوریل

غوری کا قتل، اور یادگار کی تعمیر

گزشتہ کچھ عرصے ہندوستان میں تاریخی عمارات، سڑکوں اور باغات وغیرہ کے نام بدلنے کی باتیں ہو رہی ہیں۔ اس بات کو لیکر ہندوستان کے قدیم علم رانوں اور نیم مسلم حکمرانوں کی تاریخ کے بارے میں ایک نئی دلچسپی پیدا ہو رہی ہے۔ لوگ جاننا چاہتے ہیں کہ یہ حکمران کون لوگ تھے؟ کہاں سے آئے تھے۔ ان کا طرز حکمرانی کیا تھا۔ مقامی زبانوں، مذاہب اور طرز زندگی کے بارے میں ان کے کیا رویے اور پالیسیاں تھیں۔ مسلم حکمران اپنا حملہ آوروں کی تاریخ بہت پرانی ہے۔ ہم ان علم رانوں کی طرز حکومت اور نظام حکومت کو موجودہ دور کی طرز حکمرانی کے جدید اصولوں کی کسوٹی پر رکھ کر نہیں دیکھ سکتے۔ ہمارے دور میں ریاستوں کا تصور بدل چکا ہے۔ بیشتر ریاستیں کثیر الثقافتی اور کثیر النسلی ریاستیں ہیں۔ ان ریاستوں کے ساتھ سیکولرازم، جمہوریت، مساوات اور سماجی انصاف جیسے جدید ترین تصورات جڑے ہوئے ہیں۔ لیکن ہم جس زمانے کی بات کر رہے ہیں، اس میں مذہب ہر جگہ نہ تھا، لیکن اکثر سلطنتوں اور ریاستوں میں ایک اہم ترین عنصر یا عامل تھا۔ ان ریاستوں میں مذہب صرف لوگوں کی ذاتی زندگیاں ہی نہیں، بلکہ اجتماعی زندگی میں حکومتی کاروبار کے علاوہ تجارت، سرکاری عمل اور زندگی کے دیگر کئی شعبوں میں اہم کردار ادا کرتا رہا ہے۔ یہ بات صرف قدیم ہندوستان تک ہی محدود نہیں، اگر ہم افغستیوں کے ہاں دیکھیں صدی کے عجیب و غریب دور کو ایک طرف رکھ کر صرف سولہویں اور سترہویں صدی کی یورپ کی تاریخ دیکھیں، تو ہمیں مذہب ہر جگہ کاروبار سلطنت میں ایک غالب عنصر کے طور پر نظر آتا ہے۔ اس زمانے میں جو قوانین اور جنگ کے اصول یورپ کے بڑے پیمانے پر لیے گئے، وہ زیادہ تر مذہبی خیالات یا نظریات کے زیر اثر تھے۔ اس زمانے میں کئی ریاستوں میں یہ خیال بھی عام تھا کہ بادشاہ کا مذہب وہی ہوگا جو اس کی رعایا کا مذہب ہوگا۔ ان کو قبول نہ کرنے والوں کے ساتھ کیا کیا جاتا تھا، یہ بھی ہمیں معلوم ہے۔ ہمارے دور میں ریاستوں کا تصور بدل چکا ہے۔ ہم ان علم رانوں کو اپنے دور کے معیار پر پرکھ کر نہیں دیکھ سکتے۔ ہمارے دور میں ریاستوں کا تصور بدل چکا ہے۔ بیشتر ریاستیں کثیر الثقافتی اور کثیر النسلی ریاستیں ہیں۔ ان ریاستوں کے ساتھ سیکولرازم، جمہوریت، مساوات اور سماجی انصاف جیسے جدید ترین تصورات جڑے ہوئے ہیں۔ لیکن ہم جس زمانے کی بات کر رہے ہیں، اس میں مذہب ہر جگہ نہ تھا، لیکن اکثر سلطنتوں اور ریاستوں میں ایک اہم ترین عنصر یا عامل تھا۔ ان علم رانوں کی طرز حکومت اور نظام حکومت کو موجودہ دور کی طرز حکمرانی کے جدید اصولوں کی کسوٹی پر رکھ کر نہیں دیکھ سکتے۔ ہمارے دور میں ریاستوں کا تصور بدل چکا ہے۔ بیشتر ریاستیں کثیر الثقافتی اور کثیر النسلی ریاستیں ہیں۔ ان ریاستوں کے ساتھ سیکولرازم، جمہوریت، مساوات اور سماجی انصاف جیسے جدید ترین تصورات جڑے ہوئے ہیں۔ لیکن ہم جس زمانے کی بات کر رہے ہیں، اس میں مذہب ہر جگہ نہ تھا، لیکن اکثر سلطنتوں اور ریاستوں میں ایک اہم ترین عنصر یا عامل تھا۔ ان علم رانوں کی زندگیاں ہی نہیں، بلکہ اجتماعی زندگی میں حکومتی کاروبار کے علاوہ تجارت، سرکاری عمل اور زندگی کے دیگر کئی شعبوں میں اہم کردار ادا کرتا رہا ہے۔ یہ بات صرف قدیم ہندوستان تک ہی محدود نہیں، اگر ہم افغستیوں کے ہاں دیکھیں صدی کے عجیب و غریب دور کو ایک طرف رکھ کر صرف سولہویں اور سترہویں صدی کی یورپ کی تاریخ دیکھیں، تو ہمیں مذہب ہر جگہ کاروبار سلطنت میں ایک غالب عنصر کے طور پر نظر آتا ہے۔ اس زمانے میں جو قوانین اور جنگ کے اصول یورپ کے بڑے پیمانے پر لیے گئے، وہ زیادہ تر مذہبی خیالات یا نظریات کے زیر اثر تھے۔ اس زمانے میں کئی ریاستوں میں یہ خیال بھی عام تھا کہ بادشاہ کا

چیرسٹر حمید باشانی خان

بہت زیادہ عقلمند قرار رکھا گیا۔ ان کو قید و بند کی صعوبتیں اٹھانی پڑیں۔ اذیتوں پر قلم کے پیمانے ٹوٹے گئے۔ اس کی ایک کلاسیکل مثال بادشاہ ہنری چہارم کی ہے، جس نے باضابطہ طور پر یہ حکم جاری کیا تھا کہ یہودیوں کو اس کی سلطنت سے نکال دیا جائے۔ اس طرح یورپ میں ریاست اور حکومت کی سرپرستی میں جو قرقہ وارانہ فسادات اور قتل عاری ہوئی۔ حکم رانوں کی سرپرستی میں کھوکھلے اور پروٹسٹنٹ کے درمیان جو خون خرابہ ہوا وہ بھی اہم مثالیں ہیں۔ اس طرح کی مثالیں اس وقت کے ہندوستان میں بھی موجود ہیں۔ لیکن اس میں اہم بات یہ ہے کہ ہر حکمران کا طرز عمل اور پالیسی مختلف ہے۔ کچھ حکم رانوں نے ہندوستان میں مذہبی رواداری اور درگزر کی پالیسی اپنائی۔ کچھ نے سخت گیر اور بنیاد پرست رویوں کا اظہار کیا۔ ہندوستان میں ان حکمرانوں کو لے کر جو رد عمل ہوا ہے، وہ ان پالیسیوں پر ردعمل ہے۔ قدیم ہندوستان اور آج کے برصغیر پاک و ہند میں جب باہر سے آنے والوں کی بات ہوتی ہے تو اس سے مراد وہ عام لوگ نہیں، جو قطعہ وجوہات کی بنا پر ترک وطن کر کے ہمیں اور دوسرے ممالک میں جا کر آباد ہوئے ہیں۔ ہندوستان میں ایسے لوگ بڑی تعداد میں پائے جاتے ہیں، جو دوسرے ممالک سے آکر آباد ہوئے۔ لیکن آج کل کی فضا میں جب سیاسی سطح پر باہر سے آنے والوں کا ذکر ہوتا ہے تو اس سے مراد دو قسم کے لوگ ہیں۔ یہ وہ طاقت ور گروہ ہیں، جو مختلف مقاصد اور عزائم لیکر ہندوستان میں آئے۔ ان میں پہلی قسم ان لوگوں کی ہے، جو یہاں پر بطور حملہ آور داخل ہوئے۔ ان لوگوں نے یہاں مختصر لڑائیاں اور جنگیں لڑیں۔ مال غنیمت سمیٹا اور واپس اپنے اپنے علاقوں میں چلے گئے۔ دوسرے وہ لوگ ہیں، جو ہندوستان میں داخل ہوئے۔ مقامی کئی چھوٹی بڑی لڑائیاں لڑیں۔ مقامی حکم رانوں سے تخت و تاج چھینے، اور اس کے بعد واپس جانے کے بجائے مستقل طور پر یہاں رہنے کا فیصلہ کر لیا۔ ان لوگوں نے یہاں کے کئی مقامی طور طریقے اپنائے۔ اپنے رسم و رواج اور زبان و ادب کو یہاں متعارف کروایا اور رفتہ رفتہ یہاں کی تہذیب و ثقافت کا حصہ بن گئے۔ مسلمانوں کی برصغیر میں موجودگی کا آغاز تو سات سو بارہ میں سندھ سلطنت سے نکال دیا جانے۔ اس طرح یورپ میں ریاست اور حکومت کی سرپرستی میں جو قرقہ وارانہ فسادات اور قتل عاری ہوئی۔ حکم رانوں کی سرپرستی میں کھوکھلے اور پروٹسٹنٹ کے درمیان جو خون خرابہ ہوا وہ بھی اہم مثالیں ہیں۔ اس طرح کی مثالیں اس وقت کے ہندوستان میں بھی موجود ہیں۔ لیکن اس میں اہم بات یہ ہے کہ ہر حکمران کا طرز عمل اور پالیسی مختلف ہے۔ کچھ حکم رانوں نے ہندوستان میں مذہبی رواداری اور درگزر کی پالیسی اپنائی۔ کچھ نے سخت گیر اور بنیاد پرست رویوں کا اظہار کیا۔ ہندوستان میں ان حکمرانوں کو لے کر جو رد عمل ہوا ہے، وہ ان پالیسیوں پر ردعمل ہے۔ قدیم ہندوستان اور آج کے برصغیر پاک و ہند میں جب باہر سے آنے والوں کی بات ہوتی ہے تو اس سے مراد وہ عام لوگ نہیں، جو مختلف

بقیہ 1

دو ہزار ہے، دیگر باقی ایک ہزار ہے ہوتے ہوئے ڈسٹرکٹ پالیسی کمیٹی میں طے شدہ شکل اختیار کر گئی۔ جلسہ میں 5 نکاتی قرارداد پیش کی گئی جسے متفقہ طور پر منظور کر لیا گیا۔ قرارداد کے مطابق ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ڈیلی بیسز پر کام کرنے والے ملازمین کو مستقل کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ قرارداد میں کہا گیا کہ کشمیریوں کی شناخت مٹانے کی سازش کو ناکام بنانے کیلئے کشمیری نسل کشی کے خاتمہ کیلئے اقوام متحدہ کو کردار ادا کرنا چاہئے